© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

## حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے نواسے حضرت مولانا اخلد مدنی کی دارالعلوم آمد:

۱۸رفروری ۲۰۱۳ء کو شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ کے نواسے حضرت مولانا اخلد رشیدی مدنی صاحب‘ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کے لئے دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے اور دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ فرمایا۔اس موقع پر ایوان شریعت ہال میں حضرت مہتمم صاحب مدظلہ نے ان کے اعزاز میں ایک شاندار خطبہ استقبالیہ بھی پیش کیا۔اور دارالعلوم حقانیہ کی موجودہ تمام تر ترقی اور شہرت کو حضرت شیخ الاسلام نوراللہ مرقدہ کی خصوصی توجہات اور اخلاص کی کرامت قرار دیا۔آپ کے ہمراہ سینیٹر طلحہ محمود کے بھائی نامور صنعتکار اور فلاحی واہل خیر شخصیت جناب ہارون محمود اور حضرت مولانا مفتی احمد الرحمانؒ کے فرزند رشید حضرت مولانا پیر عزیز الرحمن صاحب ودیگر حضرات بھی موجود تھے۔

## مراکش کی تبلیغی جماعت کی دارالعلوم آمد:

۳۰رجنوری ۲۰۱۳ء کو مراکش کے بزرگ تبلیغی جماعت کے اہم شخصیات اپنے تبلیغی سفر کے دوران دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔جس میں جناب شیخ عبدالعزیز‘ عبدالسلام ابوشریف‘ محمد معصوس وغیرہ شامل تھے‘انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور حضرت مہتمم صاحب سے دفتر اہتمام میں ملاقات کی۔

## دارالعلوم کے وسطانی امتحانات اور تعطیلات:

دارالعلوم کے وسطانی امتحان بروز ہفتہ ۲۶رجنوری سے شروع ہوکر بروز منگل ۲۹ جنوری تک جاری رہنے کے بعد دس دن کی تعطیلات ہوئیں اور پھر اس کے بعد الحمدللہ جامعہ کی تعلیمی سرگرمیاں دوبارہ شروع ہوچکی ہیں۔

## جناب غلام احمد بلور اور میاں افتخار حسین کی دارالعلوم آمد:

۱۲رفروری ۲۰۱۳ء کو صوبہ خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات میاں افتخار حسین اور وفاقی وزیر غلام احمد بلور نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی رہائش گاہ پر ان سے تفصیلی ملاقات کی اور انہیں اے این پی کی طالبان سے مذاکرات کے سلسلے میں طلب کی گئی آل پارٹیز کانفرنس میں شمولیت کی دعوت دی۔

## دارالعلوم میں نئے ہاسٹل ''امام بخاریؒ'' کا افتتاح:

الحمدللہ دارالعلوم اپنے قیام کے ۶۴ ویں برس میں داخل ہوچکا ہے لیکن تحدیث نعمت کے طور پر اس کی علمی‘ روحانی اور

© rasailojaraid.com